بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

# شمالی وزیرستان میں جنگی طیاروں کی بمباری، 80 طالبان جنگجو ہلاک، کئی ٹھکانے اور اسلحہ فیکٹریاں تباہ

## فضائیہ نے بدھ کی صبح سویرے مخصوص مقامات کو نشانہ بنایا، مرنیوالوں میں غیر ملکی بھی شامل ہیں، میر علی میں جھڑپ، 11 دہشتگرد ہلاک، 4 اہلکار شہید ہوئے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی/میرانشاہ (جنگ نیوز) قبائلی علاقے شمالی وزیرستان ایجنسی میں جنگی طیاروں کی شدت پسندوں کے ٹھکانوں پر بمباری کے نتیجے میں 80 طالبان جنگجو ہلاک، کئی ٹھکانے تباہ اور اسلحہ فیکٹریاں تباہ ہو گئیں، مقامی افراد کے مطابق جنگی طیاروں نے بدھ کی صبح سویرے میرانشاہ اور میر علی کے قریبی علاقوں میں مخصوص مقامات پر بمباری کی۔ ذرائع کے مطابق شمالی وزیرستان ایجنسی میں اب تک کی یہ سب سے بڑی فوجی کارروائی ہے، دو ماہ پہلے بھی میر علی اور میرانشاہ کے قریبی علاقوں میں بمباری کی گئی تھی۔ دوسری جانب شمالی وزیرستان کی تحصیل میر علی میں سیکورٹی فورسز کی دہشت گردوں سے جھڑپ کے نتیجے میں 4 سیکورٹی اہلکار شہید اور 11 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری ہونیوالے بیان کے مطابق مصدقہ خفیہ معلومات کی بنیاد پر قبائلی علاقے شمالی وزیرستان میں شدت پسندوں کے ٹھکانوں کو فضائی کارروائیوں میں نشانہ بنایا گیا، ہلاک ہونے والے جنگجوؤں میں غیر ملکی بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ فضائی حملوں میں بھاری مقدار میں اسلحہ اور دیسی ساختہ بموں کی تیاری میں استعمال ہونے والے دھماکہ خیز مواد کو تباہ کر دیا گیا۔